ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز 01

مورخہ 01/01/2023

**بہاولپور ( ) پولیس تھانہ سٹی یزمان کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بڑی کاروائی، جرائم میں ملوث ماٹھو گینگ کے دو بڑے ڈکیٹ پابند سلاسل، ڈھائی لاکھ روپے سے زائد کا مال مسروقہ اور پسٹل برآمد، عوام الناس کا خراج تحسین، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف گھیرا مزید تنگ کیا جا رہا ہے، ڈی پی او عبادت نثار**

تفصیلات کے مطابق بہاولپور پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ پولیس تھانہ سٹی یزمان کی ٹیم نے ایس ایچ او محمد صدیق ڈھڈی کی قیادت میں ماٹھو گینگ کے دو بڑے ڈکیٹوں کو گرفتار کرلیا جن سے اڑھائی لاکھ روپے سے زائد رقم برآمد ہوئی۔ گھروں میں ڈکیتی کرنے والا ایک اور ڈکیت عنصر عرف ملاں بھی گرفتار کرلیا گیا جس سے 70 ہزار روپے سے زائد رقم اور واردات میں استعمال ہونیوالا اسلحہ بھی برآمد کرلیا گیا۔ ڈی پی او بہاولپور نے ٹیم کو شاندار کارکردگی پر شاباش دی۔ یزمان کی سیاسی وسماجی شخصیات اور سول سوسائٹی کی جانب سے بھی ایس ایچ او سٹی یزمان سٹی صدیق ڈھڈی اور انکی ٹیم کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ اس موقع پر ڈی پی او نے اپنے پیغام میں کہا کہ عوام الناس کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنانے کے لئے بہاولپور پولیس دن رات مصروف عمل ہے اور ایسی مزید کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپور: پولیس تھانہ سٹی یزمان کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کی جانیوالی کاروائی کے دوران پکڑے جانیوالے ماٹھو گینگ کے ملزمان اور رقم پولیس حراست میں

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز 02

مورخہ 01/01/2023

**بہاول پور ( ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی ہدایت پر مسیحی عبادت گاہوں پر ہونے والی عبادت کے حوالے سے سخت سیکیورٹی، حالیہ کرسمس تہوار اور نیوائیر کے تناظر میں سنڈے سروسز پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات، سینکڑوں پولیس افسران واہلکار ڈیوٹی پر تعینات، متعلقہ ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز نے سیکیورٹی پلان کے مطابق پولیس افسران کو چیک کیا اور ملازمان کو بریفنگ دی، مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے، ڈی پی او۔**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی فول پروف سیکیورٹی کی ایس او پی کے تحت ڈی پی او عبادت نثار کی ہدایت پر اتوار کے روز ہونے والے پروگرامز کے لیے مسیحی عبادت گاہوں پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیئے گئے ۔جن پر سینکڑوں کی تعداد میں پولیس افسران واہلکاران تعینات کیے گئے تھے، چھتوں پر بھی پولیس ملازمان کو تعینات کیا گیا۔ضلع کے سرکل افسران اور ایس ایچ اوز نے جاری شدہ سیکیورٹی پلان کے مطابق ڈیوٹی پر مامور افسران واہلکاروں کو چیک کرنے کے ساتھ ساتھ بریف کیا اور ڈیوٹی الرٹ رہ کر سرانجام دینے کی ہدایت کی ۔ بعدازاں سیکیورٹی سکیننگ کے آلات کی انسٹالیشن اور ورکنگ کے ساتھ ساتھ جامعہ تلاشی کے عمل کا بھی جائزہ لیا۔سول پارچات میں سیکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ معاونین اداروں نے بھی اردگرد کے ماحول اور غیر متعلقہ افراد کی سرگرمیوں پر نظر رکھی ۔اس موقع پر ڈی پی او عبادت نثار نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عبادت گاہوں میں سیکیورٹی ایس او پیز پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں، ایسے مقامات کی سیکیورٹی اور امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھنا نہایت ضروری ہے، مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی ہدایت پر مسیحی عبادت گاہوں پر ہونیوالی عبادت کے موقع پر سخت سیکیورٹی کے مناظر